# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

**(شعبہ شریعہ، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ)**

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کرلیں کہ

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یاڈگری سے محروم ہوسکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہوجائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری "Plagiarism" پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

**عنوان: اسلام کا قانون وراثت (۲۹۶۱)** **سمسٹر: خزاں، 2026**

**سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ تخصص شریعہ)**

**برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)**

1. تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2. سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3. ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4. ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5. مقررہ تاریخ کے بعد / تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہوسکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6. آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7. معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

## امتحانی مشق نمبر ا

**(یونٹ: 1 تا 4)**

**کل نمبر: 100** **کامیابی کے نمبر: 50**

**سوال نمبر 1۔** اسلامی قانونِ وراثت ایک جامع نظام ہے جو مرنے والے کے مال کو منصفانہ طور پر تقسیم کرتا ہے۔ **(20)**
وراثت کی تعریف، اس کی بنیادی اصطلاحات اور اس کے اہم مقاصد کو تفصیل سے بیان کریں۔

سوال نمبر2۔ اسلامی قانونِ وراثت دیگر نظاموں کے مقابلے میں ایک منفرد حیثیت رکھتا ہے۔اس کی ضرورت، اہمیت اور غیر اسلامی قوانین سے اس کا تقابلی جائزہ پیش کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ وراثت کے صحیح نفاذ کے لیے کچھ بنیادی عناصر ضروری ہوتے ہیں۔ارکانِ وراثت، اسبابِ میراث اور موانعِ وراثت کی وضاحت مثالوں کے ساتھ کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ ذوی الفروض وہ افراد ہیں جن کے حصے قرآن وسنت میں مقرر کیے گئے ہیں۔ان کی تعریف، اقسام اور حصص کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ عصبات اور ذوی الارحام وراثت میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔دونوں کی تعریف، اقسام اور ان کے درمیان فرق کو واضح کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر2

## (یونٹ:5تا9)

**کل نمبر:100** **کامیابی کے نمبر:50**

سوال نمبر1۔ وراثتی تقسیم میں بعض اصول حصص میں تبدیلی کا باعث بنتے ہیں۔حجب، عول اور رد کے قواعد کی وضاحت کرتے ہوئے ان کی عملی اہمیت بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ وراثت کے مسائل بعض اوقات پیچیدہ ہو جاتے ہیں جن کے حل کے لیے اصول مقرر کیے گئے ہیں۔مشترکہ اور متفرق مسائلِ وراثت کا تجزیہ کریں۔ (20)

سوال نمبر3۔ اسلامی قانون میں وصیت ایک محدود مالی اختیار فراہم کرتی ہے۔وصیت کی تعریف، اس کے اصول اور شرائط کو تفصیل سے بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ وصیت کے نفاذ کے لیے مخصوص قواعد وضوابط مقرر کیے گئے ہیں۔وصیت کے احکام اور اس کے اطلاق کے طریقہ کار کی وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ وراثت اور وصیت دونوں مالی تقسیم کے اہم ذرائع ہیں۔ان دونوں کے درمیان تعلق اور بنیادی فرق کو دلائل کے ساتھ واضح کریں۔ (20)